Pearson Edexcel GCE

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu (Teacher/Examiner Version)

Summer 2016

**Time: 8–10 minutes**

Paper Reference

**6UR01**

**You do not need any other materials.**

*Turn over*

P46619A

©2016 Pearson Education Ltd.

1/1/1/1/1/

PEARSON

**Instructions to teacher/examiner**

- Candidates must be allowed 15 minutes' preparation time.
- The preparation time must be immediately prior to the examination.
- The preparation time must be used to study the stimulus.
- Candidates can make notes. This can be up to a maximum of one side of A4.
- Candidates may refer to their notes and the stimulus during the test.
- Candidates must not write on the stimuli.
- Candidates must not have access to a dictionary, or any other resource, during the preparation time.
- Any notes made during the preparation time must be kept by the centre until the release of results.
- The 4 set questions in Section A must be asked by the teacher/examiner as they are presented. Questions may be repeated, but rephrasing is prohibited. **No** supplementary questions may be asked.
- Section B involves a discussion that moves away from the main focus of the stimulus, but is still related to the chosen topic area.

## Sequence of oral tests

- To avoid duplication of stimuli, candidates must be given the cards in the sequence and combination prescribed below. Refer first to the candidate column and then go across to the candidate's chosen general topic area. **For example, for the fourth candidate of the day, refer to row 4. If their chosen general topic area is 'The world around us', they must be allocated stimulus 2 card S2A.**
- If you conduct more than 15 tests in a day e.g. in the morning, afternoon and evening sessions, after the 15th candidate start at the beginning of the sequence again.
- If you are conducting tests on more than one day, start each new day at the beginning of the sequence.

| | Stimulus | | | |
|---|---|---|---|---|
| Candidate | Youth culture & concerns | Lifestyle, health and fitness | The world around us | Education and employment |
| 1 | S1A | S2A | S2A | S1A |
| 2 | S2B | S1B | S2B | S1B |
| 3 | S2A | S1A | S1A | S2A |
| 4 | S1B | S2B | S2A | S1A |
| 5 | S2B | S1B | S1B | S2B |
| 6 | S1A | S2A | S1A | S2A |
| 7 | S2A | S2B | S2B | S1B |
| 8 | S2B | S1A | S1B | S2B |
| 9 | S1B | S2A | S2A | S1A |
| 10 | S1A | S1B | S2B | S1B |
| 11 | S2B | S1A | S1A | S2A |
| 12 | S1A | S2B | S2A | S2B |
| 13 | S2A | S1B | S1B | S1A |
| 14 | S2B | S2A | S1A | S2A |
| 15 | S1B | S2B | S2B | S1B |

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# پشاوری چپل



پشاوری چپل نہ صرف پاکستان میں بلکہ اب پوری دنیا میں بہت مقبول ہوتی جا رہی ہے۔ آج کل برطانیہ کی مشہور دکانوں میں پشاوری چپل کی طرح کے جوتے تقریباً تین سو پونڈ کی قیمت پر بیچے جا رہے ہیں۔ اس بات سے پاکستان میں لوگ بے حد خوش ہیں کہ ان کے روایتی لباس کا ایک حصہ دنیا بھر میں اتنا زیادہ پسند کیا جا رہا ہے لیکن ان جوتوں کی بے حد مہنگی قیمت پر حیران ہیں کیونکہ اس طرح کے جوتے پاکستان میں انتہائی سستی قیمت پر خریدے جا سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق برطانیہ میں پشاوری چپل کی کیا قیمت ہے؟

2 عبارت کے مطابق پاکستانی لوگ کس بات سے خوش ہیں؟

3 آپ کی رائے میں ہماری زندگی میں فیشن کی کیا اہمیت ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں ہمیں اپنا پیسہ فیشن پر خرچ کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# پشاوری چپل



پشاوری چپل نہ صرف پاکستان میں بلکہ اب پوری دنیا میں بہت مقبول ہوتی جا رہی ہے۔ آج کل برطانیہ کی مشہور دکانوں میں پشاوری چپل کی طرح کے جوتے تقریباً تین سو پونڈ کی قیمت پر بیچے جا رہے ہیں۔ اس بات سے پاکستان میں لوگ بے حد خوش ہیں کہ ان کے روایتی لباس کا ایک حصہ دنیا بھر میں اتنا زیادہ پسند کیا جا رہا ہے لیکن ان جوتوں کی بے حد مہنگی قیمت پر حیران ہیں کیونکہ اس طرح کے جوتے پاکستان میں انتہائی سستی قیمت پر خریدے جا سکتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق برطانیہ میں پشاوری چپل کی کیا قیمت ہے؟

2 عبارت کے مطابق پاکستانی لوگ کس بات سے خوش ہیں؟

3 کیا ڈیزائنر چیزوں پر زیادہ پیسے خرچ کرنا مناسب ہے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں لوگوں کے لیے ان کا کلچر کیوں ضروری ہوتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# بالی وُڈ اور بچے



ہندوستانی فلمی دنیا کے بڑے بڑے ہدایت کار فلموں اور ٹی وی میں بچوں سے کام کروانے والے لوگوں سے سخت ناراض ہیں۔ان کے مطابق فلم ساز والدین سے ان کے بچوں کو بہت بڑے سٹار بنانے کا وعدہ کرکے ان بچوں سے سخت کام کرواتے ہیں۔ والدین بھی اپنے بچوں پر اور زیادہ محنت کرنے کے لیے دباؤ ڈالتے ہیں۔ اس طرح اکثر بچے اپنے بچپن کی زندگی کا لطف نہیں اٹھا سکتے۔ بالی وُڈ میں ابھی تک بچوں کے حقوق کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی ادارہ نہیں ہے۔

1 عبارت کے مطابق فلمساز، والدین کو کیا کہہ کر دھوکہ دیتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق والدین کے دباؤ کی وجہ سے بچوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

3 کیاآپ کے خیال میں بچوں کو اسکول جانے کے بجائے کام کرنا چاہیے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آپ کی رائے میں فلموں کی کہانیاں حقیقت کے قریب ہوتی ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# بالی وُڈ اور بچے



ہندوستانی فلمی دنیا کے بڑے بڑے ہدایت کار فلموں اور ٹی وی میں بچوں سے کام کروانے والے لوگوں سے سخت ناراض ہیں۔ان کے مطابق فلم ساز والدین سے ان کے بچوں کو بہت بڑے سٹار بنانے کا وعدہ کر کے ان بچوں سے سخت کام کرواتے ہیں۔ والدین بھی اپنے بچوں پر اور زیادہ محنت کرنے کے لیے دباؤ ڈالتے ہیں۔ اس طرح اکثر بچے اپنے بچپن کی زندگی کا لطف نہیں اٹھا سکتے۔ بالی وُڈ میں ابھی تک بچوں کے حقوق کی دیکھ بھال کرنے والا کوئی ادارہ نہیں ہے۔

1 عبارت کے مطابق فلمساز، والدین کو کیا کہہ کر دھوکہ دیتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق والدین کے دباؤ کی وجہ سے بچوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

3 بچوں کے حقوق کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں امیر ممالک غریب ملکوں کے بچوں کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# حرکت میں برکت



برطانیہ میں ایک سروے کے مطابق جو مائیں ہلکی ورزش کرتی ہیں ان کے بچے جسمانی طور پر چست ہوتے ہیں۔ ڈاکٹروں نے دل کی دھڑکن کی رفتار معلوم کرنے والے آلے کی مدد سے سات دن تک ماؤں اور بچوں کی روزانہ کی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوا کہ پیدائشی طور پر بچے نہ تو چست ہوتے ہیں اور نہ ہی سست بلکہ اس کا انحصار بچوں کے والدین پر ہوتا ہے کہ وہ بچوں کی ورزش پر کتنا دھیان دیتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق سروے سے کیا معلوم ہوا ہے؟

2 عبارت کے مطابق دل کی دھڑکن کی رفتار معلوم کرنے والے آلے سے کیا پتہ چلا ہے؟

3 اسکولوں میں جسمانی تعلیم کیوں ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 اکثر لوگ ورزش کے لیے وقت نہیں نکالتے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# حرکت میں برکت



برطانیہ میں ایک سروے کے مطابق جو مائیں ہلکی ورزش کرتی ہیں ان کے بچے جسمانی طور پر چست ہوتے ہیں۔ ڈاکٹروں نے دل کی دھڑکن کی رفتار معلوم کرنے والے آلے کی مدد سے سات دن تک ماؤں اور بچوں کی روزانہ کی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوا کہ پیدائشی طور پر بچے نہ تو چست ہوتے ہیں اور نہ ہی سست بلکہ اس کا انحصار بچوں کے والدین پر ہوتا ہے کہ وہ بچوں کی ورزش پر کتنا دھیان دیتے ہیں۔

1 عبارت کے مطابق سروے سے کیا معلوم ہوا ہے؟

2 عبارت کے مطابق دل کی دھڑکن کی رفتار معلوم کرنے والے آلے سے کیا پتہ چلا ہے؟

3 تندرست رہنے کے لیے کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 بچوں کی صحت کے بارے میں اسکولوں کو کیا کرنا چاہیے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# دانتوں کی حفاظت



دانتوں کے ڈاکٹروں کے مطابق صحت مند دانت رکھنے والے کھلاڑیوں کے گولڈ میڈل جیتنے کے امکانات ان کھلاڑیوں سے زیادہ ہوتے ہیں جن کے دانت صحت مند نہیں ہوتے۔ برطانوی اولمپک ٹیم کے بیس فیصد کھلاڑیوں نے بتایا ہے کہ دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھیلوں میں ان کی کارکردگی پر بُرا اثر پڑا ہے۔ دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھلاڑیوں کی نیند خراب ہوتی ہے اور اس طرح ان کی تربیت پر منفی اثر پڑتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق کون سے کھلاڑی زیادہ میڈل حاصل کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھلاڑیوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

3 آپ کے خیال میں دانتوں کی حفاظت کیسے ممکن ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا اولمپک کے کھیل دنیا کے لوگوں کو آپس میں ملانے کا ذریعہ ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# دانتوں کی حفاظت



دانتوں کے ڈاکٹروں کے مطابق صحت مند دانت رکھنے والے کھلاڑیوں کے گولڈ میڈل جیتنے کے امکانات ان کھلاڑیوں سے زیادہ ہوتے ہیں جن کے دانت صحت مند نہیں ہوتے۔ برطانوی اولمپک ٹیم کے بیس فیصد کھلاڑیوں نے بتایا ہے کہ دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھیلوں میں ان کی کارکردگی پر بُرا اثر پڑا ہے۔ دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھلاڑیوں کی نیند خراب ہوتی ہے اور اس طرح ان کی تربیت پر منفی اثر پڑتا ہے۔

1 عبارت کے مطابق کون سے کھلاڑی زیادہ میڈل حاصل کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق دانتوں میں تکلیف کی وجہ سے کھلاڑیوں پر کیا اثر پڑتا ہے؟

3 ”احتیاط علاج سے بہتر ہے“ اس بیان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں کھیلوں میں حصہ نہ لینے کے نقصانات کیا ہو سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# سورج کی مدد سے بجلی پیدا کرنا



بہت سے ملکوں میں بجلی کی کمی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ ان ملکوں نے اب بجلی پیدا کرنے کے نئے طریقوں پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ افریقہ کے چند ملکوں کے دیہی علاقوں میں بجلی پہنچانے کا انوکھا انتظام کیا گیا ہے۔ ہر ہفتے ان دیہاتوں میں ایک بڑی سی گاڑی آتی ہے جس کی چھت پر سورج کی مدد سے بجلی پیدا کرنے والے آلات لگے ہوتے ہیں۔ان سے پیدا ہونے والی بجلی نہ صرف سستی ہوتی ہے بلکہ ماحول کو نقصان بھی نہیں پہنچاتی۔

1 عبارت کے مطابق بہت سے ملک کس بات پر غور کر رہے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق سورج سے پیدا ہونے والی بجلی کا کیا فائدہ ہے؟

3 آپ کے خیال میں لوگوں کی زندگی پر موسم کا کیا اثر پڑتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 سورج سے پیدا ہونے والی بجلی کے ماحول پر کیا اثرات ہوسکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# سورج کی مدد سے بجلی پیدا کرنا



بہت سے ملکوں میں بجلی کی کمی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔یہی وجہ ہے کہ ان ملکوں نے اب بجلی پیدا کرنے کے نئے طریقوں پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ افریقہ کے چند ملکوں کے دیہی علاقوں میں بجلی پہنچانے کا انوکھا انتظام کیا گیاہے۔ہر ہفتے ان دیہاتوں میں ایک بڑی سی گاڑی آتی ہے جس کی چھت پر سورج کی مدد سے بجلی پیدا کرنے والے آلات لگے ہوتے ہیں۔ان سے پیدا ہونے والی بجلی نہ صرف سستی ہوتی ہے بلکہ ماحول کو نقصان بھی نہیں پہنچاتی۔

1 عبارت کے مطابق بہت سے ملک کس بات پر غور کر رہے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق سورج سے پیدا ہونے والی بجلی کا کیا فائدہ ہے؟

3 آپ کے خیال میں بجلی کی کمی کا ہماری زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کی رائے میں دنیا میں آلودگی کو کیسے کم کیا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# چھٹیاں اور مشکلات



چھٹیوں میں کسی ملک کی سیر کو جانے کے لیے کئی طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً کچھ ملکوں کے لیے ویزا لینا پڑتا ہے۔ اسی طرح کئی ملکوں کا سفر کرنے سے پہلے حفاظتی ٹیکے بھی لگوانے ہوتے ہیں تاکہ وہاں بیماریوں سے محفوظ رہا جائے۔ ایرپورٹ پر تقریباً دوتین گھنٹے پہلے پہنچنا بھی ایک طرح کی مصیبت سے کم نہیں۔ اگر موسم خراب ہو تو پرواز میں دیر بھی ہو سکتی ہے۔ ان تمام مشکلات کو دیکھتے ہوئے بہتر یہی ہے کہ چھٹیاں گھر پر ہی گزار لی جائیں۔

1 عبارت کے مطابق ٹیکے لگوانے کی کیا وجہ ہے؟

2 عبارت کے مطابق موسم کی خرابی کی صورت میں کیا ہو سکتا ہے؟

3 آپ کی رائے میں چھٹیاں ہمارے لیے کیوں ضروری ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں دوسرے ملکوں میں جا کر ہم کیا سیکھ سکتے ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# چھٹیاں اور مشکلات



چھٹیوں میں کسی ملک کی سیر کو جانے کے لیے کئی طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً کچھ ملکوں کے لیے ویزا لینا پڑتا ہے۔ اسی طرح کئی ملکوں کا سفر کرنے سے پہلے حفاظتی ٹیکے بھی لگوانے ہوتے ہیں تاکہ وہاں بیماریوں سے محفوظ رہا جائے۔ ایرپورٹ پر تقریباً دوتین گھنٹے پہلے پہنچنا بھی ایک طرح کی مصیبت سے کم نہیں۔ اگر موسم خراب ہو تو پرواز میں دیر بھی ہو سکتی ہے۔ ان تمام مشکلات کو دیکھتے ہوئے بہتر یہی ہے کہ چھٹیاں گھر پر ہی گزار لی جائیں۔

1 عبارت کے مطابق ٹیکے لگوانے کی کیا وجہ ہے؟

2 عبارت کے مطابق موسم کی خرابی کی صورت میں کیا ہو سکتا ہے؟

3 آپ چھٹیاں کسی شہر میں یا سمندر کے کنارے پر گزارنا پسند کریں گے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 "چھٹیوں پر جانا پیسے اور وقت کی بربادی ہے" اس بیان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# امتحان میں کامیابی



تمام والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے امتحان میں بہت ہی اچھے نمبروں سے پاس ہوں۔ اس لیے اکثر والدین اپنے بچوں کے لیے اسکول کے بعد ٹیوشن کا انتظام کرتے ہیں۔ پچھلے چند سالوں میں ٹیوشن پڑھانا ایک بہت بڑا کاروبار بن گیا ہے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ٹیوشن بچوں کے ذہنوں پر بُرا اثر ڈالتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی مصروف زندگی سے وقت نکال کر اپنے بچوں کی خود مدد کریں اور دوسروں پر اپنی ذمہ داری کا بوجھ نہ ڈالیں۔

1 عبارت کے مطابق والدین کی کیا خواہش ہوتی ہے؟

2 عبارت کے مطابق والدین کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

3 کیا تمام بچوں کو ایک جیسے اسکول میں تعلیم حاصل کرنی چاہیے یا نہیں اور کیوں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا آپ کے خیال میں امتحان میں اچھے گریڈ حاصل کرنے کے لیے ٹیوشن لینا ضروری ہے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# امتحان میں کامیابی



تمام والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ان کے بچے امتحان میں بہت ہی اچھے نمبروں سے پاس ہوں۔ اس لیے اکثر والدین اپنے بچوں کے لیے اسکول کے بعد ٹیوشن کا انتظام کرتے ہیں۔ پچھلے چند سالوں میں ٹیوشن پڑھانا ایک بہت بڑا کاروبار بن گیا ہے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ ٹیوشن بچوں کے ذہنوں پر بُرا اثر ڈالتی ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنی مصروف زندگی سے وقت نکال کر اپنے بچوں کی خود مدد کریں اور دوسروں پر اپنی ذمہ داری کا بوجھ نہ ڈالیں۔

1 عبارت کے مطابق والدین کی کیا خواہش ہوتی ہے؟

2 عبارت کے مطابق والدین کو کیا نصیحت کی گئی ہے؟

3 ”تعلیم ہر بچے کا پیدائشی حق ہے“ اس بیان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کیا اچھی ملازمت کے لیے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# کام اور تربیت




آج کل اکثر نوجوان ایسی ملازمت کرنا پسند کرتے ہیں جس میں انہیں کام کے ساتھ ساتھ تربیت حاصل کرنے کا موقع بھی مل سکے۔ ان کے خیال میں اس طرح کی ملازمت سے انہیں تنخواہ کے علاوہ مستقبل میں دوسری قسم کی ملازمتیں حاصل کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ لیکن کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اس طرح کی تربیت سے نوجوانوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا کیونکہ یہ تربیت صرف کسی ایک خاص کام کے لیے ہی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

1 عبارت کے مطابق نوجوان کس طرح کی ملازمت پسند کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق اس طرح کی ملازمت سے نوجوانوں کو کیا فائدہ ہو تا ہے؟

3 آپ کے خیال میں نوجوانوں میں بے روزگاری کی کیا وجوہات ہیں؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 کام کی ٹریننگ بے روزگاری کو کم کرنے میں کس طرح مدد کر سکتی ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# کام اور تربیت




آج کل اکثر نوجوان ایسی ملازمت کرنا پسند کرتے ہیں جس میں انہیں کام کے ساتھ ساتھ تربیت حاصل کرنے کا موقع بھی مل سکے۔ ان کے خیال میں اس طرح کی ملازمت سے انہیں تنخواہ کے علاوہ مستقبل میں دوسری قسم کی ملازمتیں حاصل کرنے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ لیکن کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اس طرح کی تربیت سے نوجوانوں کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا کیونکہ یہ تربیت صرف کسی ایک خاص کام کے لیے ہی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

1 عبارت کے مطابق نوجوان کس طرح کی ملازمت پسند کرتے ہیں؟

2 عبارت کے مطابق اس طرح کی ملازمت سے نوجوانوں کو کیا فائدہ ہو تا ہے؟

3 کیا آپ کے خیال میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کوئی ہنر سیکھنا بھی ضروری ہے؟ تفصیل سے بتائیے۔

4 آپ کے خیال میں ایک اچھی ملازمت میں کیا خوبیاں ہونی چاہییں؟ تفصیل سے بتائیے۔

**BLANK PAGE**

Images used within this paper and the accompanying candidate cards may be from
http://www.gettyimages.co.uk/